فوری ریلیز کے لیے: 6/12/2025 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے بزرگ شہریوں کے لیے رئیل پراپرٹی ٹیکس میں چھوٹ کی منظوری دے دی

قانون سازی S5175A/A3698A مقامی حکومتوں کو مخصوص بزرگ شہریوں کے لیے رئیل پراپرٹی ٹیکس میں 65 فیصد تک چھوٹ فراہم کرنے کی اجازت دیتی ہے

یہ گورنر کے حسب استطاعت ایجنڈے پر استوار ہے جس میں مڈل کلاس نیو یارک کے باشندوں کے لیے ٹیکس میں کمی شامل تھی

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے نیو یارک کے بزرگ شہریوں کے لیے رئیل پراپرٹی ٹیکس میں چھوٹ کو بہتر بنانے والی قانون سازی پر دستخط کر دیے۔ قانون سازی S5175A/A3698A کے تحت مقامی حکومتیں آمدنی کی اہلیت سمیت دیگر شرائط پوری کرنے والے بزرگ شہریوں کو ان کی پراپرٹیوں کی تعیین شدہ مالیت کے 65 فیصد تک رئیل پراپرٹی ٹیکس میں چھوٹ فراہم کر سکتی ہیں۔ یہ قانون سازی گورنر کے حسب استطاعت ایجنڈے کو مزید آگے بڑھاتی ہے جس میں مڈل کلاس نیو یارک کے باشندوں کے لیے ٹیکس میں کمی شامل تھی۔

"نیو یارک کے کسی بھی بزرگ شہری کو اپنے پراپرٹی ٹیکسز ادا کر پانے کے قابل نہ رہنے کی وجہ سے اپنے گھر سے محروم نہیں ہونا چاہیے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "اس قانون سازی پر دستخط کر کے، ہم اپنے مقررہ آمدنی والے بزرگ شہریوں کے لیے نیو یارک کو زیادہ حسب استطاعت بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں اور انہیں اپنے ہی مانوس اور عزیز گھروں اور کمیونٹیز میں باوقار طور پر زندگی بسر کرنا جاری رکھنے کے قابل بنا رہے ہیں۔"

یہ بل مقامی حکومتوں کو یہ اختیار دے گا کہ وہ اپنی مقرر کردہ زیادہ سے زیادہ آمدنی کی اہلیت کی حد سے کم آمدنی رکھنے والے بزرگ شہریوں کو رئیل پراپرٹی ٹیکس میں 65 فیصد تک چھوٹ فراہم کر سکیں۔ اس سے پہلے، مقامی حکومتیں بزرگ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ 50 فیصد تک کی چھوٹ دینے کی مجاز تھیں اور یہ حد کئی دہائیوں سے نہیں بڑھائی گئی تھی۔ چھوٹ کو 50 فیصد سے بڑھا کر 65 فیصد کرنے سے ایک اوسط بزرگ شہری کے لیے سالانہ $300 تک کی بچت ممکن ہو سکتی ہے۔

ریاست نیو یارک دفتر برائے عمر رسیدہ افراد (New York State Office for the Aging, NYSOFA) کے قائم مقام ڈائریکٹر Greg Olsen (گریگ اولسن) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) ایک بار پھر افراد اور ان کی فیملیز کے لیے نیو یارک کو زیادہ حسب استطاعت بنانے کے لیے پیش پیش ہیں۔ بالخصوص مقررہ آمدنی والے افراد کے لیے پراپرٹی ٹیکسز برداشت کرنا اکثر مشکل ہو سکتا ہے۔ اپنے گھروں کے مالک 1.8 ملین سے زائد بزرگ افراد کے ساتھ، یہ اہم قانون بزرگ شہریوں کو اُن گھروں اور کمیونٹیز میں رہنے میں مدد دیتا رہے گا جنہیں وہ پسند کرتے ہیں اور یوں ان کی وسیع خدمات کو ریاست نیو یارک کے اندر ہی برقرار رکھے گا۔"

ریاستی سینیٹر Leroy Comrie (لیرائے کومری) نے کہا، "بزرگ شہریوں کی ایک بڑی تعداد مقررہ آمدنی پر گزارا کرتے ہوئے رہائش کے بڑھتے ہوئے اخراجات اور افراطِ زر کا سامنا کر رہی ہے۔ S5175A کو قانون میں شامل کرنا نیو یارک بھر کے بزرگ شہریوں کے لیے استطاعت کی حقیقی صلاحیت کو بحال کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ قانون مقامی حکومتوں کو اہل بزرگ شہریوں کے لیے 65 فیصد تک کی رعایت دینے کی اجازت دیتا ہے تاکہ طویل عرصے سے اپنے گھروں میں رہنے والے افراد عزت اور حفاظت کے ساتھ اپنی کمیونٹیز میں رہنا جاری

رکھ سکیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل)، اپنے ساتھیوں اور خاص طور پر رکن اسمبلی David Weprin (ڈیوڈ ویپرن) کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس ریاست کی تعمیر میں حصہ لینے والے نیو یارک کے باشندوں کے لیے مؤثر معاونت فراہم کرنے میں شراکت داری کی۔"

رکن اسمبلی David Weprin (ڈیوڈ ویپرن) نے کہا، "میں گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کا شکر گزار ہوں کہ وہ تمام نیو یارک کے باشندوں، بشمول ہمارے بزرگ شہری گھر کے مالکان کے لیے استطاعت کی صلاحیت میں بہتری لانے کے لیے پُرعزم ہیں۔ اس بل کو قانون بنا کر، ہم بڑھتے ہوئے ریئل پراپرٹی ٹیکسز کے بوجھ سے نجات فراہم کریں گے اور کم مقررہ آمدنی والے بزرگ گھر کے مالکان کے لیے استحکام یقینی بنائیں گے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) اور اپنے منتخب ساتھی رہنماؤں کے ساتھ شراکت جاری رکھنے کا منتظر ہوں تاکہ اس اہم استطاعت کی صلاحیت کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جا سکے۔"

یہ قانون سازی گورنر Hochul (ہوکل) کے استطاعت کی صلاحیت کے ایجنڈے پر استوار ہے، جس میں درج ذیل شامل ہیں:

- متوسط طبقہ جاتی ٹیکس میں کٹوتی: تقریباً 8.3 ملین نیو یارک کے باشندے ٹیکس کی تخفیف کردہ شرحوں سے فائدہ اٹھائیں گے جس سے متوسط طبقے کے ٹیکس گزشتہ 70 برسوں میں اپنی کم ترین سطح پر آ جائیں گے۔
- چائلڈ ٹیکس کریڈٹ میں توسیع: چائلڈ ٹیکس کریڈٹ میں اضافہ کیا جا رہا ہے، جس کے تحت 2026 سے چار سال سے کم عمر ہر بچے کے لیے رقم $1,000 تک اور اسکول جانے والی عمر کے بچوں کے لیے $500 تک ہو جائے گی۔
- افراطِ زر ریفنڈ چیکس: اہل نیو یارک کے باشندوں کو فی فرد $200 تک یا فی فیملی $400 تک موصول ہو چکے ہیں نیز 8.2 ملین افراد تک رسائی حاصل ہوئی ہے۔
- مفت اسکول کے کھانے: تمام K-12 طلبہ کو اب مفت ناشتے اور لنچ تک رسائی حاصل ہے جس سے فیملیز کو فی بچہ سالانہ $1,600 تک کی بچت ہوتی ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں